MEMBERS APNS
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC Certified پاکستان کا کثیر الاشاعت اخبار
کوئٹہ، گوادر، حب، اسلام آباد، کراچی اور پشاور سے بیک وقت شائع ہونیوالا اُردو روزنامہ

روزنامہ
عسکر انٹرنیشنل حب

چیف ایڈیٹر
سید فاروق شاہ
رجسٹرڈ نمبر BC-A-21

جلد 14 | 09 جنوری، بروز جمعرات 2025، (صفحات 4) قیمت 10 روپے | شمارہ 333

ضلعی انتظامیہ کی گیس کمپریسر بیچنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائیاں

کوئٹہ شہر میں گیس کمپریسر مافیا کیخلاف بلا امتیاز کاروائیاں روزانہ کی بنیاد پر ہونگی اور کسی کو بھی معاف نہیں کیا جائے گا، مختلف دکانوں سے 51 کمپریسر ضبط کرکے 3 دکانداروں کو گرفتار کیا

اسی طرح اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے بھی مختلف علاقوں میں گیس کمپریسر بیچنے والے دکانداروں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے 42 کمپریسر ضبط کرلیے اور 3 دکانداروں کو گرفتار کرکے جیل بھجوا دیا

کوئٹہ (آن لائن) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں گیس کمپریسر بیچنے والے دکانداروں کے خلاف کاروائیاں جاری ہیں۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ احسام الدین کاکڑ نے محکمہ گیس کے اہلکاروں کے ہمراہ شہر کے مختلف علاقوں میں گیس کمپریسر بیچنے والوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے مختلف دکانوں سے 51 کمپریسر ضبط کرکے 3 دکانداروں کو گرفتار کیا اسی طرح اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار نے

(بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ مشرقی بائی پاس میں موٹرسائیکل شورم اور بیٹری کے دکان میں ڈکیتی

لاکھوں روپے مالیت کے موٹرسائیکل اور بیٹری چور لے اڑے

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ کے نواحی علاقے مشرقی

(بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

تربت صلالہ بازار میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ، ایک شخص زخمی مقامی ہسپتال منتقل کردیا

کوئٹہ (یو این اے) تربت کے علاقے صلالہ بازار میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ کے نتیجے میں ایک شخص زخمی ہوگیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق، موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اچانک فائرنگ کردی جس سے ایک شخص زخمی ہوگیا زخمی شخص کی شناخت نہیں ہو

(بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کا آئینی ترمیمی بل سینیٹ کمیٹی سے منظور دے دی

جس پر چیئرمین کمیٹی کا کہنا تھا اقلیت کی نشستیں زیادہ بڑھیں گی بل میں کم ہے، بل میں جو ٹیبل بنایا گیا اسے منظور کرلینا چاہیے

اسلام آباد، کوئٹہ (یو این اے) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف نے بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کے آئینی ترمیمی بل کی منظوری دے دی سینیٹر فاروق ایچ نائیک کی زیر صدارت سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے قانون وانصاف کا اجلاس ہوا بلوچستان میں نشستیں بڑھانے کے آئینی ترمیمی بل سے متعلق بنائی گئی ذیلی کمیٹی کی رپورٹ اجلاس میں پیش کی گئی سینیٹر ضمیر حسین نے کہا کہ ہم نے تجویز کیا ہے کہ بلوچستان میں

(بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اپنے دفتر میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

ناجائز منافع خوری، حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی پر 15 دکانداروں کو گرفتار

ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کارروائیاں جاری رہیں گی، کسٹم، سمنگلی روڈ، گوالمنڈی چوک اور جوائنٹ روڈ پر پرائس کنٹرول کے تحت کارروائیاں جاری

روٹی کے وزن اور پٹرول گیج میں کمی کرنے والوں کے خلاف کاروائیاں کیں، 23 دکانداروں پر جرمانے عائد کیے گئے اور 30 دکانداروں کو سخت وارننگ جاری کی گئی، اے سی کچلاک

کوئٹہ (آئی این پی) ضلعی انتظامیہ کی کوئٹہ کے مختلف علاقوں کچلاک بازار، ہلیلی، کسٹم، سمنگلی روڈ، گوالمنڈی چوک اور جوائنٹ روڈ پر پرائس کنٹرول کے تحت اسسٹنٹ کمشنر (کچلاک) بہادر خان، اسسٹنٹ کمشنر سریاب ماریہ شمعون، اسپیشل مجسٹریٹ احسام الدین کاکڑ اور اسپیشل مجسٹریٹ حسیب سردار کی زیر نگرانی ٹیموں نے گرانفروشوں، ناجائز منافع خوروں، روٹی کے وزن اور پٹرول گیج میں کمی کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں کیں اس موقع پر مجموعی طور پر 120 جنرل اسٹورز، تندوروں، بیف مٹن شاپس اور منی پٹرول پمپس کا دورہ کیا گیا دوران کارروائیاں اشیاء کی قیمتوں، معیار، تندوروں پر روٹی کا وزن، قصاب کی دکانوں پر قیمتوں اور منی

(بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

اوستہ محمد، ڈپٹی کمشنر ارشد حسین جمالی بی اینڈ آر آفس کے دورے کے موقع پر ملازمین کا حاضری رجسٹر چیک کر رہے ہیں

پی بی 45 کے انتخابات میں دھاندلیاں ہوئی ہیں، عبدالغفور حیدری

جمعیت علما اسلام کا حلقہ پی بی 45 کے انتخابات کی دہاندلی کے خلاف بلوچستان بھر کے قومی شاہراہوں پر پہیہ جام ہڑتال

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان اسمبلی کے حلقہ پی بی 45 کوئٹہ 8 کے 15 پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ ہونے والے ضمنی الیکشن میں نتائج کی تبدیلی کے خلاف جمعیت علما اسلام (ف) کی کال پر کوئٹہ سمیت بلوچستان کے تیس سے زائد شہروں میں پہیہ ہڑتال کی جارہی ہے جس کی وجہ سے بلوچستان کو باقی صوبوں سے ملانے والی تمام شاہراہیں بند ہیں اور ہر قسم کی ٹریفک اور تجارت معطل ہوگئی ہے قومی شاہراہیں بند ہونے سے

(بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

اسرار روڈینی کی ٹارگٹ کلنگ پر گہرے دکھ کا اظہار، میر ظہور بلیدی

اس ظلم کے خلاف بھرپور کارروائی کی جائے گی اور مجرموں کا احتساب کیا جائے گا، مجرموں کا احتساب کیا جائے گا۔ انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے

اسرار روڈینی کو شرپسندوں نے بے دردی سے قتل کردیا تھا۔ اسرار روڈینی ایک عاجزانہ پس منظر سے تعلق رکھتے تھے اور پنجاب یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرنے کے لیے اسکالرشپ حاصل کی تھی

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر پلاننگ اینڈ ڈیولپمنٹ میر ظہور بلیدی نے اپنے ایک بیان میں داشک سے تعلق رکھنے والے نوجوان بلوچ پولیس افسر، اسرار روڈینی کی ٹارگٹ کلنگ پر شدید افسوس اور دکھ کا اظہار کیا گیا ہے اسرار روڈینی کو شرپسندوں نے بے دردی سے قتل کر دیا تھا۔ اسرار روڈینی ایک عاجزانہ پس منظر سے تعلق رکھتے تھے اور پنجاب

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

اسلام امن، بقائے باہمی اور باہمی احترام کے اصولوں کو فروغ دیتا ہے، ڈاکٹر عطاالرحمان

ایسی تقریبات ہمیں تقسیم کو کم کرنے، اعتماد بڑھانے اور معاشرتی بندھن مضبوط کرنے کے قابل بناتی ہیں

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پاورٹی ایلیویشن فنڈ نے وزیراعظم یوتھ پروگرام، پیغام پاکستان اور سینٹر فار پیس اینڈ ڈیولپمنٹ کے تعاون سے گورو گوبند سنگھ جی مہاراج کے جنم دن کی مناسبت سے کوئٹہ میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا، پروگرام کے انعقاد کا مقصد بین المذاہب ہم آہنگی کا فروغ اور سماجی یکجہتی کے ذریعے پائیدار ترقی کے اہداف کا حصول تھا۔ سیمینار میں مختلف مذاہب کے نمائندوں، حکومتی اور نجی شعبوں، علما کرام، سیاسی و مذہبی جماعتوں کے رہنماؤں اور سول سوسائٹی کے افراد نے شرکت کی تاکہ مکالمے،

(بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

الیکشن کمیشن کا پی بی 45 کوئٹہ سے حاجی علی مدد جتک کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا

کوئٹہ (یو این اے) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حلقہ پی بی 45 کوئٹہ سے پاکستان پیپلز پارٹی کے امیدوار حاجی علی مدد جتک کی بطور رکن بلوچستان اسمبلی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق، حاجی علی مدد جتک نے حالیہ انتخابات میں پی بی 45 سے کامیابی حاصل کی اور اب وہ

(بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

بلوچستان نئے سال کے پہلے ہفتے میں ٹریفک حادثات میں 10 افراد جاں بحق ہوگئے

جن میں 615 افراد زخمی ہوئے ہیں ایم ای آر سی کے مطابق سب سے زیادہ 163 ٹریفک حادثات این 50 پر رونما ہوئے ہیں

سال بدل گیا لیکن بلوچستان میں ٹریفک حادثات میں کمی نہ آسکی جب کہ کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ این 25 پر 115 حادثات پیش آئے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) سال بدل گیا لیکن بلوچستان میں ٹریفک حادثات میں کمی نہ آسکی، نئے سال کے پہلے ہی ہفتے ٹریفک حادثات میں 10 افراد جان سے گئے قومی شاہراہوں پر قائم میڈیکل ایمرجنسی رسپانس سینٹرز کے اعداد وشمار کے مطابق بلوچستان میں 2025 کے پہلے ہفتے میں 438 ٹریفک حادثات رونما ہوئے، جن میں دس افراد جاں بحق ہوئے اعداد وشمار میں بتایا گیا ہے کہ

(بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

میر عثمان پرکانی کے ساتھ دندھالی کرکے ان کے جیت کو ہار میں تبدیل کیا، خیرالدین شاہوانی

دشت (یو این اے) جمعیت علما اسلام (ف) کے صوبہ بلوچستان کی کال پر حلقہ پی بی 45 ری پولنگ الیکشن میں مبینہ دندھالی کے خلاف ضلع مستونگ کی تحصیل دشت جمعیت علما کے امیر حافظ خیرالدین شاہوانی مولانا اختر محمد پرکانی گلستان سانگزئی میر

(بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

پاکستان اتحاد میڈیا کونسل بلوچستان کا پہلا باقاعدہ آن لائن اجلاس

اجلاس میں صوبہ بلوچستان میں صحافیوں کو درپیش مسائل اور دیگر امور پہ سیر حاصل گفتگو کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان اتحاد میڈیا کونسل صوبہ بلوچستان کے نومنتخب کابینہ کا پہلا آن لائن اجلاس آج منعقد ہوا اجلاس کی صدارت پاکستان اتحاد میڈیا کونسل کے صوبائی صدر گلفام شبیر نے کی اجلاس کے مہمان خاص مرکزی سیکرٹری جنرل مہر اعظم کلاسرا اور مہمان خصوصی مرکزی سینئر نائب صدر حضور بخش کھوکر تھے اجلاس کے ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوئی اور اجلاس کے کاروائی مرکزی چیرمین محمد رمضان بھٹو نے

(بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

الایمان ہسپتال سرکاری ہسپتال نہیں، محکمہ صحت

محکمہ صحت بلوچستان نے غلط اور گمراہ کن سوشل میڈیا پوسٹ پر قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ اداروں سے رجوع کرلیا ہے، تردیدی بیان

الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن کو سرکاری ہسپتال قرار دینے کی خبر گمراہ کن اور حقائق کے برعکس ہے، سوشل میڈیا صحافت کے اصولوں کے منافی سمجھتے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) محکمہ صحت بلوچستان کے ترجمان نے اپنے وضاحتی بیان میں کہا ہے کہ الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن محکمہ صحت حکومت بلوچستان کا سرکاری ہسپتال نہیں ہے بلکہ مذکورہ اسپتال قطر حکومت کا ہے سوشل میڈیا پر الایمان ہسپتال سیٹلائیٹ ٹاؤن کو سرکاری ہسپتال قرار دینے کی خبر گمراہ کن حقائق اور اصل صورتحال کے برعکس ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ سوشل میڈیا

(بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں پی ڈی کے زیر اہتمام پی اے ایف کے تعاون سے گورو گوبند گھوکی پیدائش کے دن کے موقع پر بین المذاہب ہم آہنگی سیمینار سے ڈاکٹر لعل اللہ بڑیچ خطاب کر رہے ہیں

خضدار تحصیل زہری میں مسلح افراد کا حملہ، سرکاری دفاتر کو نظر آتش کردیا

کوئٹہ (یو این اے) خضدار کی تحصیل زہری میں مسلح افراد نے ایک منظم حملہ کرکے متعدد سرکاری اداروں کو نقصان پہنچایا عینی شاہدین کے مطابق حملہ آوروں نے موبائل نیٹ ورک کے ٹاور، میونسپل کارپوریشن کا ریکارڈ، اور نادرا آفس کو شدید نقصان پہنچایا۔ مقامی ذرائع کے مطابق، حملہ آور بڑی تعداد میں موٹرسائیکلوں پر سوار ہوکر بازار میں داخل ہوئے اور پہلے علاقے کی ناکہ بندی کرلی۔ اس کے بعد، انہوں نے لیویز تھانے پر قبضہ کیا اور اسلحہ، گاڑیاں،

(بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

بے حیائی عریانی لادینیت کا مقابلہ دینی مدارس کرسکتے ہیں، مولانا مفتی فضل غفور

الحمدللہ مولانا فضل الرحمٰن نے مدارس اور آئین کی جنگ جیت لی ہے، مولانا مفتی محمد قاسم

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے مشہور علمی دینی درسگاہ جامعہ عربیہ تدریس القرآن قلعہ اسحاق زہ، بوغرہ روڈ چمن کے زیر اہتمام عظیم الشان فقید المثال سالانہ جلسہ دستار بندی گذشتہ دن منعقد ہوا جسمیں مفتیان کرام علمائے عظام مختصین فی الحدیث اور حفاظ کی دستار بندی کی گ، شدید سردی کے باوجود ہزاروں لوگ نے اجتماع میں شرکت کے سالانہ جلسہ دستار بندی سے خطاب کرتے ہوئے جمعیت علما اسلام صوبہ

(بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

خواتین کو دوران زچگی میں بہتر سہولیات کی وجہ سے آسانی پیدا ہوسکتی ہیں، نور احمد کبدانی

خاران (یو این اے) پی پی ایچ آئی بلوچستان کے چیف ایگزیکٹو آفیسر حمید اللہ ناصر کے خصوصی ہدایات کے روشنی میں صوبے میں صحت کے شعبے میں بہتری لانے کے لئے ہمہ وقت عملی طور پر اقدامات سے

(بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

سلام آباد کو بلوچستان کے عوام سے کوئی سروکار نہیں، اسد بلوچ

بلکہ ان کے قدرتی معدنیات درکار ہیں، بلوچستان کے عوام آج بھی شدید سردی میں گیس پریشر کی کمی کے خلاف سڑکیں بلاک کررہی ہے، رکن صوبائی اسمبلی

گیس بلوچستان سے نکلتا ہے پنجاب کے ہر کارخانے تک گیس کو پہنچا دیا ہے، لوگ بدزن ہورہے ہیں اور وہ پہاڑوں پر جاکر اپنے حقوق کی حصول کے لیے سرگرم عمل ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے سربراہ و رکن بلوچستان اسمبلی اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ بلوچستان کے وسائل کو ایک ایک کرکے لے جارہے ہیں جبکہ عوام کو ان کے بدلے ان کے بنیادی مسائل حل نہیں کررہے ہیں گیس بلوچستان سے نکلتا ہے پنجاب کے ہر کارخانے تک گیس کو پہنچا دیا جبکہ بلوچستان کے عوام آج بھی شدید سردی میں گیس پریشر کی کمی

(بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

کراچی، چیف آف جھالاوان نواب ثناءاللہ زہری سے صوبائی وزیر ایجوکیشن محمد صادق عمرانی و دیگر ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

بلوچستان بھر میں شدید سردی: پارہ نقطہ انجماد سے بھی نیچے گر گیا

قلات میں منفی 8 ڈگری، کوئٹہ، گوپس اور زیارت میں منفی 7 تک درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بھر میں شدید سردی: پارہ نقطہ انجماد سے بھی نیچے گر گیا، قلات میں منفی 8 ڈگری، کوئٹہ، گوپس اور زیارت میں منفی 7 تک درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا بلوچستان بھر میں اس وقت شدید سردی کی لہر جاری ہے جس کی وجہ سے درجہ حرارت نقطہ انجماد سے بھی نیچے گر گیا ہے۔ سرد ہوائیں اور برفباری نے عوام کو مشکلات میں مبتلا کر دیا ہے، خصوصا کوئٹہ، قلات، زیارت اور گوپس میں سردی کی شدت میں غیر معمولی اضافہ دیکھنے کو ملا ہے محکمہ موسمیات کے مطابق، قلات میں درجہ حرارت منفی 8 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا ہے، جو کہ گزشتہ کئی برسوں میں سردیوں کا سب سے کم درجہ حرارت ہے۔ اس کے علاوہ کوئٹہ، گوپس اور زیارت میں بھی درجہ حرارت منفی 7 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ چکا ہے، جس کے نتیجے میں شہر میں زندگی مفلوج ہوکر رہ گئی ہے شدید سردی کی وجہ سے بلوچستان کے مختلف علاقوں میں نظام زندگی بری طرح متاثر ہوا ہے۔ قلات اور زیارت جیسے علاقے جہاں پہلے ہی سخت سردی کی صورت حال تھی، وہاں سرد ہواں کے باعث پانی کے پائپ لائنز جم گئے ہیں اور سڑکوں

(بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان شیخ جعفر مندوخیل سے امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن ملاقات کررہے ہیں

جمعیت علمائے اسلام ضلع گوادر کی جانب سے مکران کوسٹل ہائی وے کو تین مقام پر دھرنا دیکر احتجاجا بند کردیا گیا

گوادر (یو این اے) کوئٹہ کے حلقہ پی بی 45 کے ضمنی الیکشن میں مبینہ طور پر دھاندلی کے خلاف جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی کال پر جمعیت علمائے اسلام ضلع گوادر کی جانب سے آج بدھ کے روز مکران کوسٹل ہائی وے کو تین مقام پر دھرنا دیکر احتجاجا بند کردیا گیا۔ کوئٹہ کے ضمنی الیکشن میں مبینہ دہاندلی کے خلاف جمعیت کے کارکنان نیشنل زیرو پوائنٹ کے مقام پر کوسٹل ہائی وے کو عام ٹریفک کے لیے بند کردیا کارکنان نے صبائی حکومت کے خلاف نعرہ بازی کی اور اسے انصاف اور قانون کا قتل بتادیا

(بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

فارم 47 میں پیپلز پارٹی کے امیدوار کو کامیاب کرایا گیا، مولانا عبدالواسع

سیاسی، جمہوری اور نظریاتی قوتوں کو مایوس کرکے بندوق اٹھانے پر مجبور کیا جارہا ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام صوبائی امیر وسینیٹر مولانا عبدالواسع حلقہ پی بی 45 کوئٹہ پر عام انتخابات میں بھی جے یو آئی کے امیدوار عثمان پرکانی کی جیت کو شکست میں بدلا گیا اور جب سپریم کورٹ کے احکامات پر پندرہ پولنگ سٹیشنز پر دوبارہ انتخاب ہوا تو ایک بار پھر یہ عمل دہرایا گیا فارم 45 میں ان کے امیدوار کی کئی ہزار کی لیڈ کو فارم 47 میں جعلی اعداد وشمار کے ساتھ ختم کرکے پیپلز پارٹی کے امیدوار کو کامیاب

(بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

پولیس تھانہ شہید عبدالوہاب کی کاروائی روپوش ملزم گرفتار

چھتر (یو این اے) پولیس تھانہ شہید عبدالوہاب چیچوہا چھتر کے ایس ایچ او میر مٹھل خان دیناری کی اپنی ٹیم کے ہمراہ کاروائی روپوش ملزم گرفتار تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی نصیر آباد رینج ایاز احمد بلوچ کے

(بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت کے مشن میں کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے، حافظ عطا اللہ

علاقے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وہ حکومت سے مسلسل رابطے میں رہیں گے اور کسی بھی قسم کی مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں

کوئٹہ (یو این اے) کلی شیخان فلاحی کمیٹی کے چیئرمین حافظ عطا اللہ محبوب لالا اللہ داد، حاجی عبدالمالک بڑیچ، زبیر احمد بڑیچ، محسن پھٹان، فیض اللہ بڑیچ اور صادق نے علاقے کے معتبرین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ "عوام کے مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور ہم اپنے علاقے کی ترقی کے لیے کسی قربانی سے دریغ نہیں کریں گے۔" ان رہنماں کا کہنا تھا کہ علاقے کے مسائل کے حل اور عوام کی فلاح کے لیے وہ مسلسل محنت کررہے ہیں اور ان کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ اپنے علاقے کی ترقی اور بہتری کے لیے ہمیشہ تیار ہیں اور کسی بھی مسئلے کو حل کرنے میں حکومت سے تعاون کے لیے تیار ہیں۔ گورنمنٹ لیبارٹری پرائمری سکول کی عمارت کی حالت زار: چیئرمین حافظ عطا اللہ نے گورنمنٹ لیبارٹری پرائمری سکول کلی شیخان اور گورنمنٹ کالج آف المٹری ایجوکشن کی عمارت کی خستہ حالت پر تشویش کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ سکول اور کالج کی عمارت 1954 میں تعمیر کی گئی تھی، جو اب انتہائی خستہ حال ہے اور طلبا کی تعلیم کے لیے خطرہ بن چکی ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے اپیل کی کہ ان تعلیمی اداروں کی عمارت کی مرمت کا کام فوری طور پر شروع کیا جائے۔ حافظ عطا اللہ اور ان کے ساتھیوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عمارت کی مرمت کو ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ طلبا کو بہترین تعلیمی ماحول فراہم کیا جا سکے۔ ان رہنماں نے کہا کہ علاقے کے عوام کی فلاح و بہبود کے لیے وہ حکومت سے مسلسل رابطے میں رہیں گے اور کسی بھی قسم کی مدد فراہم کرنے کے لیے تیار ہیں۔ کلی شیخان فلاحی کمیٹی کے

(بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

عمران خان کی رہائی کیلئے کہیں سے کوئی دباؤ نہیں، رانا ثناءاللہ

ہم نے مذاکرات کے پہلے دور میں ہی پی ٹی آئی سے مطالبہ کیا تھا کہ اپنے مطالبات تحریری طور پر دے دیں، لیکن ان کی باتوں سے لگتا نہیں کہ ایسا کریں گے

ہم چاہتے تھے کہ سیاسی جماعتوں کے درمیان نیشنل ڈائیلاگ ہوں، لیکن پی ٹی آئی رہنماں کی باتوں اور عمران خان کی ٹوئٹ سے لگتا ہے کہ سیدھی بات نہیں کریں گے

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے کہیں سے کوئی دباؤ نہیں ہے، تحریک انصاف چاہتی ہے کہ ملک میں سیاسی عدم استحکام رہے اور پاکستان معاشی طور پر ترقی نہ کرسکے، لیکن ملک ضرور آگے بڑھے گا۔ اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئیرانا ثناءاللہ کا کہنا تھا کہ کہ ہم نے مذاکرات کے پہلے دور میں

(بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

پشین تا کوئٹہ سرانان قلعہ عبداللہ چمن سرانان خانوزئی اور دیگر تمام راستہ بند کردیا

جمہوری نظام کو اب ایک بچوں کے کھیل کے طور استعمال کیا جارہا ہے، مولانا کمال الدین

پشین (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان صوبائی سینیئر نائب امیر ضلع پشین امیر مولانا کمال الدین ناظم عمومی سید مفتی محمد آغا سینیئر نائب امیر

(بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

لورالائی، کمشنر لورالائی ڈویژن سعادت حسن سے زونل کمانڈر بی سی نصیب اللہ کاکڑ ملاقات کررہے ہیں

پاک افغان بارڈر کے قریب توبہ اچکزئی میں نامعلوم مسلح افراد کا چھاپہ

کوئٹہ (یو این اے) پاک افغان بارڈر کے قریب توبہ اچکزئی کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے سرکاری وردیوں میں ملبوس ہوکر مقامی گھروں میں چھاپے مارے۔ عینی شاہدین کے مطابق، یہ مسلح افراد علاقے میں خوف وہراس پھیلانے کی کوشش کر رہے تھے، تاہم علاقے کے مکینوں نے اپنی جان کی قربانی دینے کے عزم کے ساتھ ان افراد کا مقابلہ کیا اور انہیں قابو کرلیا۔ مقامی افراد نے ان مسلح افراد کو سخت جدوجہد کے بعد گرفتار کیا اور آج دوپہر انہیں چمن کے لیویز تحصیل دار کے حوالے کر دیا۔ ابھی تک ان افراد کی شناخت سامنے نہیں آسکی ہے، تاہم یہ واقعہ علاقے کے مکینوں کے لیے ایک اہم فتح کی علامت ہے جنہوں نے اپنے حقوق اور علاقے کے تحفظ کے لیے اپنے کردار کا مظاہرہ کیا۔ چمن کے لیویز حکام نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ ان

(بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

صوبائی حکومت کی جانب سے زیارت کو اندھیروں کی طرف دھکیلا جارہا ہے، پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن

اس خاص سکالرشپ میں وادی زیارت کا نام نہ دینا زیارت کو اندھیروں میں دھکیلنے کے مترادف ہوگا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی حکومت کی جانب سے زیارت کو اندھیروں کی طرف دھکیلا جارہا ہے۔ پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن زیارت۔ نامہ نگار پشتون سٹوڈنٹس فیڈریشن کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری قاہر خان کاکڑ نے کہا ہے کہ صادق پبلک سکول بہاولپور کیلئے ضلع زیارت کا نام نہ دینا وادی کے ساتھ سوتیلی ماں والا رویہ اپنایا گیا ہے۔ وزیراعلی بلوچستان اپنے فیصلے پر نظرثانی کرے اور اس سکالرشپ میں زیارت کا نام بھی شامل کرے۔ زیارت کے طلبا کا کیا قصور ہے کہ انہیں ہر مواقع اور سکالرشپ سے محروم رکھا جارہا ہے۔ کیا زیارت کیلئے آواز اٹھانے والے ختم ہوچکے ہیں۔ وادی زیارت اس وقت بدترین

(بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم افتتاحی سیشن میں کلیدی خطاب کریں گے، دفتر خارجہ

اجلاس کا مقصد دنیا بھر کے مسلمان معاشروں میں خواتین کی تعلیم کو آگے بڑھانے میں درپیش چیلنجز سے نمٹنا ہے، تقریب کا افتتاح شہباز شریف کریں گے، ترجمان

پاکستان مسلم معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم بارے عالمی سمٹ کی میزبانی کرے گا، وزرات تعلیم "مسلم کمیونٹیز میں لڑکیوں کی تعلیم کے چیلنجز اور مواقع کے موضوع پر 11 اور 12 جنوری کو سمٹ میں طور میزبان شریک ہوگا

اسلام آباد (آئی این پی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان مسلمان معاشروں میں لڑکیوں کی تعلیم کے حوالے سے عالمی سمٹ کی میزبانی کرے گا۔ دفتر خارجہ کے ترجمان کے مطابق وزرات تعلیم "مسلم کمیونٹیز میں لڑکیوں کی تعلیم کے چیلنجز اور مواقع کے موضوع پر 11 اور 12 جنوری کو سمٹ میں طور میزبان شریک ہوگا، اجلاس کا مقصد دنیا بھر کے مسلمان معاشروں میں

(بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

قلعہ سیف اللہ، مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان قتل، ساتھی اغوا کرلیا

قلعہ سیف اللہ (یو این اے) بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جان بحق جبکہ ساتھی کو اغوا کرلیا گیا ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق گزشتہ روز بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی میں مسلح افراد نے فائرنگ کر کے معسو دخان ساکن گوال سالزئی نامی نوجوان کو قتل کردیا جبکہ اس کے ساتھی جمعہ رحیم کو اپنے ساتھ لے گئے، جان بحق نوجوان کی لاش کو ہسپتال منتقل کر کے ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کردیا گیا ہے۔ جبکہ پولیس ملزمان کی گرفتاری اور مغوی کی بازیابی کے لئے کوششیں جاری ہیں۔ بلوچستان کے ضلع قلعہ سیف اللہ کے علاقے گوال اسماعیل زئی میں مسلح افراد کی فائرنگ سے نوجوان جان بحق جبکہ ساتھی کو اغوا کرلیا گیا ہے۔ لیویز ذرائع کے مطابق

(بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت جمعیت علما اسلام کے امیدوار میر محمد عثمان پرکانی کو ہرایا گیا ہے، صوفی خاوند بخش

جب تک ہمیں انصاف نہیں ملے گا تب تک ہمارا احتجاجی مظاہرہ جاری رہے گا اور ہم اپنا حق اب چھین کرلیں گے

اوستا محمد (یو این اے) جمعیت علما اسلام بلوچستان کے صوبائی قائدین کی کال پر کوئٹہ کے حلقہ پی بی 45 میں مبینہ دھاندلی کے خلاف

(بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، پی بی 45 کے الیکشن کے دوران دھاندلی کیخلاف جے یو آئی نے روڈ بلاک کیا ہوا ہے

پاکستان کا غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ

پاکستان نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل سے غزہ میں انسانی بحران روکنے کے لئے فیصلہ کُن اقدامات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل غزہ میں جو کچھ کر رہا ہے وہ جنگ نہیں بلکہ بے دخلی، نسلی صفایا اور تباہی کی مہم ہے، عالمی برادری اقوام متحدہ کے معاہدے (چارٹر) اور بین الاقوامی قوانین کے دفاع کے لئے متحد ہو۔ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے غزہ کی صورتحال پر ہونے والے اجلاس میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے اپنے خطاب کے دوران غزہ میں فوری اور غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ دنیا تاریخ کے ایک فیصلہ کن موڑ پر کھڑی ہے، اس کونسل کو فیصلہ کرنا ہے کہ یہ اپنی ذمہ داری نبھائے گی یا ایسے سے منہ موڑ لے گی، فلسطینی اس کونسل سے اُمید، انصاف اور اَمن کے وعدے کی توقع رکھتے ہیں، اُنہیں مایوس نہیں کرنا چاہیے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ سلامتی کونسل غزہ کی غیر انسانی نا کہ بندی ختم کرا کے محفوظ اور مستحکم انسانی راہداریوں کے قیام کو یقینی بنانے میں اپنا کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ شہری آبادی اور انفراسٹرکچر کو نشانہ بنانے کے علاوہ دیگر جنگی جرائم کی آزاد اور شفاف تحقیقات بھی کرے۔ عاصم افتخار کا کہنا تھا کہ اقوامِ متحدہ کی متعلقہ قراردادوں کی بنیاد پر دو رياستی حل کے عمل کا آغاز کیا جائے۔ اُنہوں نے پاکستان کی طرف سے فلسطین کو اقوامِ متحدہ کی مکمل رکنیت دینے کا مطالبہ بھی کیا۔ پاکستان نے نیاسال شروع ہوتے ہی یکم جنوری کو اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن کی حیثیت سے اپنی جگہ سنبھال لی ہے، وہ آئندہ دو سال تک سلامتی کونسل کا حصہ رہے گا۔ پاکستان آٹھویں مرتبہ غیر مستقل رکن منتخب ہوا ہے۔ واضح رہے کہ اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں پانچ مستقل رکن ممالک ہیں جن میں امریکہ، روس، فرانس، برطانیہ اور چین شامل ہیں اور انہیں عرف عام میں ’’فائیو پیز‘‘ کہہ کر بھی پکارا جاتا ہے، اس کے ساتھ ساتھ دس غیر مستقل رکن ممالک بھی ہوتے ہیں جن کا انتخاب اقوامِ متحدہ کی جنرل اسمبلی کرتی ہے، ہر سال پانچ اراکین ملک دو سال کے لئے منتخب ہوتے ہیں جو کہ دنیا کے مختلف خصوصی نمائندگی کرتے ہیں۔ گزشتہ سال جون میں اِس مقصد کے لئے انتخاب ہوا، جس میں پاکستان کو بھرپور حمایت حاصل ہوئی، جنرل اسمبلی کے 193 رکن ممالک میں سے 182 نے پاکستان کے حق میں ووٹ دیا، پاکستان اب جاپان کی جگہ ایشیائی ممالک کی نمائندگی کرے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ ڈنمارک، یونان، پانما اور صومالیہ بھی سلامتی کونسل کے غیر مستقل رکن منتخب ہوئے۔ اُنہوں نے بالترتیب ایکواڈور، مالٹا، موزمبیق اور سوئٹزرلینڈ کی جگہ لی ہے۔ پاکستان نے اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل میں اپنی پوزیشن سنبھالتے ہی غزہ میں نسل کشی اور انسانی بحران روکنے کے لئے فیصلہ کُن اقدامات کا مطالبہ کیا ہے، سلامتی کونسل کو اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرنے کی ضرورت ہے۔

فلسطین میں اسرائیلی حملے شروع ہوئے ایک سال سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ تین روز میں دہشتہ بمباری کے نتیجے میں ایک ہی خاندان کے 15 افراد کے علاوہ بچوں اور خواتین سمیت 200 سے زائد فلسطینی شہید ہوئے جبکہ گھروں کے ملبے میں اب بھی درجنوں افراد دبے ہوئے ہیں، امدادی کاموں کے دوران لاشیں ملنے کا سلسلہ جاری ہے جبکہ زخمیوں کے لئے ہسپتال میں طبی سہولیات دستیاب نہیں ہیں۔ حالیہ بمباری سے گھر فلسطینیوں کی پناہ گاہوں پر کی گئی۔ اکتوبر 2023ء سے اب تک شہید ہونے والے فلسطینیوں کی تعداد 45 ہزار 600 سے متجاوز ہے جن میں زیادہ تعداد بچوں اور خواتین کی ہے جبکہ اب تک ایک لاکھ آٹھ ہزار سے زائد فلسطینی زخمی ہو چکے ہیں۔ تازہ ترین خبر ہے کہ امریکہ مزید آٹھ ارب ڈالر کے ہتھیار اسرائیل کو بیچے گا جن میں مختلف اقسام کا اسلحہ، میزائل، ڈرونز اور بارود شامل ہے۔ یاد رہے کہ امریکی ہتھیاروں کا یہ پیکیج لگ بھگ 18 ارب ڈالر کی اُس فوجی امداد کے علاوہ ہے جو امریکہ اکتوبر 2023ء کے بعد سے اب تک اسرائیل کو فراہم کر چکا ہے جس کی بدولت اسرائیل کے غزہ پر حملے جاری ہیں۔ امریکی صدر جو بائیڈن اس پیکیج کے حوالے سے کہتے ہیں کہ اسرائیل کو بین الاقوامی قانون اور بین الاقوامی انسانی قانون کے مطابق اپنے شہریوں کا دفاع کرنے کا حق حاصل ہے اور امریکہ اس مقصد کے لئے ضروری صلاحیتیں فراہم کرتا رہے گا۔ اسرائیل مشرق وسطیٰ میں جنگ کا دائرہ بڑھاتا جا رہا ہے، وہ اور اس کے حمایتی یہ بھول گئے ہیں کہ دنیا کا کوئی بھی قانون حق دفاع کی آڑ میں نسل کشی یا جنگی جرائم کی اجازت نہیں دیتا۔ اسرائیل مسلسل بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کر رہا ہے وشہری آبادی اور پناہ گاہوں پر بمباری کر رہا ہے، عمارتوں کو ملبے کے ڈھیر میں تبدیل کر رہا ہے، پانی بجلی اور گیس کے علاوہ صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے قائم عمارتوں کو نشانہ بنا رہا ہے، ہسپتال، سکول یہاں تک کہ مساجد اور عبادت گاہیں بھی محفوظ نہیں ہیں۔ گریٹر اسرائیل کا خواب پورا کرنے کی دھن میں وہ آگے بڑھتا ہی چلے جا رہا ہے اور اب تک کوئی بھی اسے روک نہیں سکا۔ اِس میں کوئی دو آراء نہیں کہ دنیا اس وقت مشکل دور سے گزر رہی ہے، عالمی طاقتوں کے درمیان تقسیم ہے، ایک طرف غزہ تو دوسری طرف یوکرین اور روس کے درمیان جنگ جاری ہے اور افریقی ممالک کو بھی اَمن وامان اور استحکام کے حوالے سے مسائل کا سامنا ہے، ایسے میں سلامتی کونسل کی ذمہ داریاں کئی گنا بڑھ جاتی ہے۔ پاکستان سلامتی کونسل میں موجود ہے، چاہے اس کی حیثیت غیر مستقل رکن کی ہے، لیکن وہ بھرپور کردار ادا کر سکتا ہے۔ سلامتی کونسل کا بنیادی کام عالمی اَمن کا قیام اور بین الاقوامی سلامتی کے لئے ممکنہ خطرات سے نمٹنا ہے، موجودہ صورتحال میں پاکستان پر لازم ہے کہ وہ سلامتی کونسل کے ایجنڈے یعنی عالمی اَمن کی کوششوں کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ درپیش ممکنہ خطرات کے تدارک کے لئے بڑھ چڑھ کر کام کرے۔

الزام تراشی اور بدزبانی کا جواب، وقار سے دینے والی سیاست کی ضرورت ہے، سلمان اکرم راجہ

اسلام آباد (آئی این پی) پی ٹی آئی کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ الزام تراشی اور بدزبانی کا جواب وقار سے دینے والی سیاست کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ جس سیاست کا متقی ہوں اس میں سیاسی مخالف دشمن تصور نہیں ہوتا، انہوں نے کہا کہ اس سیاست کی ضرورت ہے جو انسانی وقار کی خواہش رکھتی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ حکومت کے کردار وہ جسم کا مسخرہ اور جھوٹی تصاویر کی سہارا سیاست نہیں۔ پی ٹی آئی کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ الزام تراشی اور بدزبانی کا جواب وقار سے دینے والی سیاست کی ضرورت ہے۔ سوشل میڈیا پر بیان جاری کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ جس سیاست کا متقی ہوں اس میں سیاسی مخالف دشمن تصور نہیں ہوتا، انہوں نے کہا کہ اس سیاست کی ضرورت ہے جو انسانی وقار کی خواہش رکھتی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما نے مزید کہا کہ حکومت کے کردار وہ جسم کا

برٹش کیونڈی ملکی معیشت کی سب سے بڑی اسٹیک ہولڈر ہے، عاطف اکرام شیخ

اسلام آباد (آئی این پی) صدر ایف پی سی سی آئی عاطف اکرام شیخ کا کہنا ہے کہ برٹش کیونڈی ملکی معیشت کی سب سے بڑی اسٹیک ہولڈر ہے۔ اپنے ایک بیان میں عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ برٹش کیونڈی کے ساتھ وسیع مشاورت کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ عاطف اکرام شیخ نے کہا کہ حکومت آئندہ مالی سال کے بجٹ کے لیے وسیع ایڈوائزری اور باہمی مشاورت کو یقینی بنائے، بجٹ تجاویز کے لیے ایف پی سی سی آئی، چیمبر زاور کاروباری تنظیموں کو بھرپور موقع فراہم کیا جائے۔ صدر ایف پی سی سی آئی نے کہا کہ پارلیمنٹ کی متعلقہ قائمہ کمیٹیاں برٹش کیونڈی کیساتھ بجٹ کے حوالے سے خصوصی اجلاس منعقد کریں، موجودہ معاشی بحالی کے اثرات کو پائیدار بنیادیں فراہم کرنے کے لیے جامع اصلاحات متعارف کروائی جائیں۔ عاطف اکرام شیخ نے یہ بھی کہا کہ فیڈریشن آف پاکستان فیڈ ایسٹ تجارتی کیلئے بھرپور تعاون کرے، امید ہے کہ وفاقی حکومت ایف پی سی سی آئی اور برٹش کیونڈی کے تجاویز کو بجٹ کا حصہ بنائے گی۔ کیسا کہنے کے حوالے سے منعقدہ اجلاس منعقد کریں، موجودہ معاشی بحالی کے اثرات کو پائیدار بنیادیں فراہم کرنے کے لیے جامع اصلاحات متعارف کروائی جائیں۔ عاطف اکرام شیخ نے یہ بھی کہا کہ فیڈریشن آف پاکستان

پی ٹی آئی سے ملاقات میں کیمرے اور سننے والے آلات نصب ہوتے ہیں، مہرالیب

اسلام آباد (آئی این پی) قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر مہرالیب نے دعویٰ کیا ہے کہ اڈیالہ جیل میں بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان سے ملاقات کے دوران کیمرے اور سننے والے آلات نصب ہوتے ہیں۔ مہرالیب نے عمران خان سے بغیر نگرانی ملاقات کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے محفوظ اور فی اصل فراہم کیا جائے، ہماری اس سے موجودہ ملاقاتیں ایک صدمہ دینے والی ہوتی ہیں، پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ ایسی ملاقاتیں بات چیت کی رازداری اور سلامت کو متاثر کرتی ہیں، نگرانی میں عمران خان سے ملاقاتوں کی صورتحال ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگرانی کے آزادانہ اور معزز انداز میں بات چیت کو کمزور کرتی ہے، عمران خان سے ایسی جگہ ملاقاتیں کرائیں جہاں نگرانی کا خوف نہ ہو اور پرائیویسی ہو، پی ٹی آئی رہنما نے کہا کہ عمران خان سے ملاقاتوں کی صورتحال ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ نگرانی کے آزادانہ اور معزز انداز میں بات چیت کو کمزور کرتی

حکومت آئی این ایف کو بکلی بلوں میں سیلز ٹیکس کی پر رضامند کرنے میں ناکام

